4اپریل 2017ء

اسٹیٹ بینک نے کریڈٹ اسیسمنٹ کے بیرونی اداروں کے طور پر جے سی آر-وی آئی ایس اور'پاکرا' کی تجدید کردی

بینک دولت پاکستان نے پاکستان میں کام کرنے والی دونوں کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں ''جے سی آر -وی آئی ایس'' کریڈٹ ریٹنگ کمپنی لمیٹڈ (جے سی آر -وی آئی ایس) اور''پاکستان کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی لمیٹڈ (پاکرا)'' کی برائے سال 2017ء بطور مجاز/تسلیم شدہ ایکسٹرنل کریڈٹ اسیسمنٹ انسٹی ٹیوشن (ای سی اے آئی) تجدید کردی ہے۔

بازل فریم ورک کا معیاری طریقہ کار استعمال کرنے والے بینکوں اور ترقیاتی مالی اداروں کو شرح کفایت سرمایہ (سی اے آر) کے تخمینے کے لیے جے سی آر -وی آئی ایس اور پاکرا کی طرف سے متعین کریڈٹ ریٹنگ استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

****